سوال

(189)چاند دیکھنے والا کیا پڑھے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

چاند دیکھنے والے شخص کو کیا دعا پڑھنی چاہیے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب چاند دیکھتے تھے تو یہ دعا پڑھتے:

اللَّهُ أَكْبَرُ، اللَّهُمَّ أَهِلَّهُ عَلَيْنَا بِالأَمْنِ وَالإِيمَانِ، وَالسَّلامَةِ وَالإِسْلامِ، وَالتَّوْفِيقِ لِمَا تُحِبُّ رَبَّنَا وَتَرْضَى، رَبُّنَا وَرَبُّكَ اللَّهُ

"اللہ سب سے بڑا ہے، اے اللہ تو اس چاند کو ہم پر امن وایمان اور سلامتی واسلام کے ساتھ طلوع کر، اور اس چیز کی توفیق کے ساتھ جس سے تو محبت کرتا ہے اے ہمارے رب اور جسے تو پسند کرتا ہے۔ (اے چاند) ہمارا اور تیرا رب اللہ ہے"۔ (سنن الدارمی 1694، سلسلة الاحادیث الصحیحہ) یہ روایت کثرت شواہد کی بناء پر صحیح ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

تفہیمِ دین

کتاب الصیام، صفحہ: 246

محدث فتویٰ